A new framework was approved to ensure transparent and sustainable use of government land. A bill was passed to establish a system for addressing the concerns of residents of Balochistan living abroad. Approval was granted to expand mangrove coverage for coastal protection and climate resilience.

A committee led by Minister Mir Zahoor Buledi will finalize recommendations under the proposed Sustainable Fisheries and Aquaculture Bill.

Financial support was approved to implement the province's Youth Policy. CM Bugti commended the successful organization of major events.

He congratulated Advisor for Sports and Youth Affairs Meena Majeed Baloch and her team for the National Youth Summit.

Sarfraz praised Parliamentary Secretary Nawabzada Zareen Khan Magsi for the Cultural and Tourism Festival held in Islamabad.

Additionally, the cabinet approved the establishment of a Journalist Colony for members of the Gwadar Press Club to improve housing facilities for the media community.

Chief Minister Sarfraz Bugti reaffirmed the government's dedication to public welfare, transparent governance, and institutional reform.

"These cabinet decisions reflect our commitment to a brighter future, stronger governance, and renewed public trust in Balochistan," he added.

CamScanner

سیاسی جماعتیں | امن وامان

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 17 OCT 2025 Page No. 11

## بلوچستان کے کسانوں کو بیلاروس کے جدید ٹریکٹرز فراہم کرنیکا فیصلہ

### صوبائی وزیر علی حسن زہری کا منسک ٹریکٹر فیکٹری کا دورہ، تفصیلی مذاکرات کیے

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر زراعت اور صدر آصف علی زرداری کے بلوچستان کے لیے فوکل پرسن میر علی حسن زہری نے سیکریٹری زراعت بلوچستان نور احمد پیرکانی، ڈائریکٹر جنرل زراعت انجینئرنگ سعید احمد ترین اور پروجیکٹ ڈائریکٹر گرین ٹریکٹر اسکیم عرفان بختیاری کے ہمراہ منسک ٹریکٹر ورکس فیکٹری کا دورہ کیا۔ اس موقع پر وفد نے فیکٹری انتظامیہ اور کمپنی کے نمائندوں سے تفصیلی ملاقات اور مذاکرات کیے، جن میں بلوچستان کے کسانوں کے لیے بیلاروس کے جدید ٹریکٹرز کی فراہمی پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ جدید زرعی مشینری اور معیاری ٹریکٹرز کی فراہمی سے نہ صرف صوبے میں زرعی پیداوار میں نمایاں اضافہ ممکن ہوگا بلکہ کسانوں کو جدید سہولیات میسر آئیں گی جس سے غذائی تحفظ اور زرعی معیشت کو بھی تقویت ملے گی۔ اس موقع پر وزیر زراعت میر علی حسن زہری نے کہا کہ بلوچستان کے کسانوں کی ترقی اور سہولت حکومتِ بلوچستان اور پاکستان پیپلز پارٹی کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید بیلاروس ٹریکٹرز کی فراہمی سے صوبے میں کھیتی باڑی کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کیا جا سکے گا۔

MASHRIQ QUETTA

# ریکوڈک پراجیکٹ پر پیشرفت جاری، منصوبہ حقیقی گیم چینجر ثابت ہوگا، وزیر خزانہ

## ملکی معیشت کی سمت درست ہے، کلیدی معاشی اشاریوں سے معیشت کی بہتری کی عکاسی ہو رہی ہے، سینیٹر محمد اورنگزیب

### ٹیکس سمیت کلیدی شعبوں میں ڈھانچہ جاتی اصلاحات پر عملدرآمد جاری، امریکی تھنک ٹینک اٹلانٹک کونسل سے خطاب

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ ملکی معیشت کی سمت درست ہے اور کلیدی معاشی اشاریوں سے معیشت کی بہتری کی عکاسی ہو رہی ہے، ٹیکس سمیت کلیدی شعبوں میں ڈھانچہ جاتی اصلاحات پر عملدرآمد جاری ہے، قومی مالیاتی کمیشن کا اجلاس نومبر کے اوائل میں متوقع ہے، ریکوڈک منصوبہ پر پیشرفت جاری ہے اور یہ منصوبہ حقیقی گیم چینجر ثابت ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو واشنگٹن ڈی سی میں امریکی تھینک ٹینک اٹلانٹک کونسل سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ وزیر خزانہ ......... بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

نے کہا کہ ملکی معیشت کی صورتحال مستحکم ہے، معیشت کی سمت درست ہے اور کلیدی معاشی اشاریوں سے معیشت کی بہتری کی عکاسی ہو رہی ہے، آئی ایم ایف کے توسیعی فنڈ سہولت کے دوسرے جائزہ اور آر ایس ایف کے تحت پہلے جائزہ کی تکمیل پر آئی ایم ایف کے ساتھ سٹاف سطح کا معاہدہ ہوا ہے، اس سے بین الاقوامی اداروں کی ملکی معیشت پر اعتماد کی عکاسی ہو رہی ہے، تین سالوں کے بعد کریڈٹ ریٹنگ کی تین بین الاقوامی ایجنسیوں نے پاکستان کی کریڈٹ ریٹنگ بہتر کر دی ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ آبادی میں اضافہ اور موسمیاتی تبدیلیاں پاکستان کیلئے دو بنیادی وجودی خطرات ہیں، ہم نے اس وقت موسمیاتی تبدیلیوں پر اپنی توجہ مرکوز کی ہے، 2010، 2022 اور حالیہ سیلابوں سے موسمیاتی تبدیلیوں کی عکاسی ہو رہی ہے، اس سے یہ بھی ظاہر ہو رہا ہے کہ اس کی شدت میں اضافہ ہو رہا ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ سیلاب کے بعد نقصانات کا تفصیلی جائزہ لینے میں کئی ماہ لگتے ہیں، حالیہ سیلاب کے بعد وزیراعظم اور حکومت نے اپنے وسائل کے اندر رہتے ہوئے ریسکیو اور ریلیف اقدامات کا فیصلہ کیا اور 300 دنوں کیلئے ایکشن پلان کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ رواں سال اقتصادی نمو کی شرح 4 فیصد تک رہنے کا امکان ہے تاہم سیلاب سے زراعت اور اہم فصلوں کو پہنچنے والے نقصان کے تناظر میں اس میں کمی بیشی ہو سکتی ہے۔ وزیر خزانہ نے کہا کہ ٹیکس سمیت کلیدی شعبوں میں ڈھانچہ جاتی اصلاحات پر عمل درآمد جاری ہے۔

## ملازمین سرکاری مشینری چلانے کیلئے بڑی اہمیت کے حامل ہیں، میر لیاقت لہڑی

### ڈی آر اے سمیت ملازمین تمام جائز مطالبات کے حصول کیلئے حکومت بھرپور کردار ادا کرے گی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما، پارلیمانی سیکرٹری ٹرانسپورٹ میر لیاقت لہڑی نے کہا ہے کہ ملازمین حکومت اور سرکاری مشینری اور امور کو چلانے کے لئے بڑی اہمیت کے حامل ہیں۔ ڈی آر اے سمیت ان کے تمام جائز مطالبات کے حصول کیلئے ......... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

ہماری حکومت اپنا بھرپور کردار ادا کرے گی کیونکہ صدر مملکت آصف علی زرداری کا موقف روز روشن کی طرح واضح ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کا آئین اور منشور ہماری ریڈ لائن ہے کیونکہ پیپلز پارٹی نے دور اقتدار میں ملازمین، پسے ہوئے طبقات سمیت عوام کے دیرینہ مسائل کے حل کو یقینی بناتے ہوئے انہیں روزگار کی فراہمی کے لئے عملی اقدامات اٹھائے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن ضلع کوئٹہ کی نومنتخب کابینہ کی تقریب حلف برداری کے موقع پر منعقدہ پروگرام کے شرکاء سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔

## سردار عبدالرحمن کھیتران کی آغا سراج درانی کے انتقال پر تعزیت

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان کے صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران نے سابق اسپیکر سندھ اسمبلی آغا سراج درانی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں سردار عبدالرحمن کھیتران نے کہا کہ آغا سراج درانی ایک زیرک سیاستدان، بردبار پارلیمنٹرین اور جمہوری اقدار کے علمبردار تھے جنہوں نے اپنی سیاسی زندگی میں عوامی خدمت اور جمہوریت کے استحکام کے لیے نمایاں کردار ادا کیا۔ صوبائی وزیر نے مرحوم کے اہل خانہ، دوستوں اور سیاسی رفقاء سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ آغا سراج درانی مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور پسماندگان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق دے۔ انہوں نے کہا کہ آغا سراج درانی کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 1　Dated: 17 OCT 2025　Page No. 12

# ترقیاتی منصوبوں کو معیار کے مطابق بروقت مکمل کیا جائے، ظہور احمد بلیدی

## 6,324 ترقیاتی اسکیموں کے لیے 296 ارب روپے مختص کیے جن میں 124 ارب روپے جاری ہو چکے ہیں، اجلاس سے خطاب

### حکومتِ بلوچستان نوجوانوں کی شمولیت، رہنمائی اور ترقی کے مواقع فراہم کرنے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے، صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات

کوئٹہ (پ ر) صوبائی وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقیات ظہور احمد بلیدی کی زیرِ صدارت پی ایس ڈی پی منصوبوں پر پیش رفت کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا، جس میں 6,324 اسکیموں کی عملدرآمد کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا جن کے لیے 296 ارب روپے کی مجموعی رقم مختص کی گئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اب تک ان منصوبوں کے لیے 124 ارب روپے جاری کیے جا چکے ہیں۔ اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ تمام اسکیموں کو معیار کے تقاضوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے بروقت مکمل کیا جائے۔ صوبائی وزیر نے کہا ہے کہ حکومتِ بلوچستان نے عوامی ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے سماجی و معاشی حالات کی

بقیہ نمبر 27 صفحہ 5 پر

بہتری کے لیے متعدد میگا منصوبے شروع کرائے ہیں۔ متعلقہ محکموں کے ڈی ایس بیز نے 2,374 میں سے 2,278 اسکیموں کی منظوری دی ہے، جبکہ پی ڈی ڈبلیو پی نے 188 میں سے 165 اسکیمیں منظور کی ہیں، اس طرح مجموعی طور پر 2,443 اسکیمیں صوبے کے مختلف شعبوں میں ترقیاتی کاموں کے لیے منظور کی جا چکی ہیں۔ دریں اثناء صوبائی وزیر نے نیشنل یوتھ سمٹ کے پینل ڈسکشن میں شرکت کی اور ان کے سوالات کے جوابات دیے۔ انہوں نے یوتھ سمٹ کے کامیاب انعقاد پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ انتہائی حوصلہ افزا امر ہے کہ ملک بھر سے آئے ہوئے نوجوان بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کے لیے یکجا ہیں اس نوعیت کے پروگرامز کا انعقاد اس بات کا مظہر ہے کہ حکومتِ بلوچستان نوجوانوں کی شمولیت، رہنمائی اور ترقی کے مواقع فراہم کرنے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے۔

CamScanner

حکومتی سرگرمیاں

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 17 OCT 2025 Page No. 13


## بلوچستان: کاکڑ قبیلے کا افغان طالبان کی جارحیت کیخلاف پاک فوج سے اظہار یکجہتی

**پاک فوج اور فرنٹیئر کور کے شانہ بشانہ کھڑے اور پاکستان کے دفاع کیلئے ہر قسم کی قربانی دینے کو تیار ہیں، عمائدین**

چمن (آن لائن) بلوچستان میں کاکڑ قبیلے کے عمائدین نے افغان طالبان کی جارحیت کے خلاف پاک فوج سے بھرپور یکجہتی کا اظہار کیا ہے۔ عمائدین کا کہنا ہے کہ کوئی بھی ہمارے ملک کی طرف میلی آنکھ سے نہ دیکھے کیونکہ ہم ہر حال میں اپنے وطن کا دفاع کرنے کے لیے تیار ہیں۔ قبیلے کے رہنماؤں نے واضح کیا کہ وہ پاک فوج اور فرنٹیئر کور کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں اور پاکستان کے دفاع کے لیے ہر قسم کی قربانی دینے کو تیار ہیں۔ تاہم، انہوں نے حکومت پاکستان سے درخواست کی ہے کہ انہیں اس جنگ میں شامل ہونے کی اجازت دی جائے تاکہ وہ وطن کی حفاظت کے لیے موثر کردار ادا کر سکیں۔ کاکڑ قبیلے کے عمائدین نے کہا کہ وہ مکمل طور پر چوکس اور تیار ہیں اور حکمرانوں کے ایک اشارے کے منتظر ہیں تاکہ ملک کی خدمت میں پیش پیش ہو سکیں۔ انہوں نے کور کمانڈر اور آئی جی ایف سی سے بھی اس سلسلے میں تعاون کی اپیل کی ہے۔

## بلوچستان بلیوا کانومی میں بے پناہ صلاحیتیں رکھتا ہے، بلال کاکڑ

**کراچی میں آئندہ ماہ انٹرنیشنل میری ٹائم ایکسپو اینڈ کانفرنس میں ان مواقع کو اجاگر کیا جائیگا**

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان کا 770 کلومیٹر طویل ساحل سمندری حیات سے مالا مال ہے اور یہ خطہ بلیوا کانومی اور آبی زراعت (Aquaculture) کے شعبوں میں بے پناہ صلاحیت رکھتا ہے اور صوبے کی معیشت کو مضبوط بنانے اور پائیدار روزگار کے مواقع پیدا کرنے میں کلیدی کردار ادا کر سکتا ہے۔ کراچی میں آئندہ ماہ ہونیوالی پاکستان انٹرنیشنل میری ٹائم ایکسپو اینڈ کانفرنس (PIMEC) میں ان صلاحیتوں اور مواقع کو اجاگر کیا جائیگا، انہوں نے کہا کہ بلوچستان کا طویل ساحل ماہی گیری، آبی زراعت، سمندری خوراک کی پروسیسنگ، ساحلی تجارت اور سیاحت کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع فراہم کرتا ہے۔ اگر ان وسائل کو موثر طریقے سے استعمال کیا جائے تو یہ نہ صرف صوبے بلکہ پورے ملک کی معاشی ترقی میں نمایاں کردار ادا کر سکتے ہیں۔

## اغواء کاروں نے اسسٹنٹ کمشنر زیارت کے مغوی بیٹے کو چھوڑ دیا

**اسسٹنٹ کمشنر اور انکے بیٹے کو 10 اگست کو اغوا کیا گیا تھا، افضل باقی تاحال بازیاب نہیں ہو سکے**

کوئٹہ (نسیم حمید یوسف زئی) ڈھائی ماہ قبل زیارت کے تفریحی مقام سے اغوا ہونے والے اسسٹنٹ کمشنر زیارت کا بیٹا ہرنائی کے پہاڑی علاقے سے بازیاب ہو گیا تاہم اسسٹنٹ کمشنر تاحال بازیاب نہ ہو سکا۔ بیٹے کو آج کوئٹہ پہنچایا جائے گا۔ واضح رہے کہ اسسٹنٹ کمشنر زیارت افضل باقی اور انکے نوجوان بیٹے مستنصر بلال کو 10 اگست کو زیارت کے تفریحی مقام سے مسلح افراد نے اغوا کر لیا تھا۔ تقریبا ڈھائی ماہ بعد جمعرات کی شب اغوا کار مستنصر بلال کو ہرنائی کے پہاڑی علاقے میں چھوڑ گئے۔ ذرائع نے بتایا کہ ہرنائی انتظامیہ نے مغوی کو اپنی تحویل میں لے لیا ہے اور آج اسے کوئٹہ منتقل کیا جائے گا ذرائع نے بتایا کہ اسسٹنٹ کمشنر افضل باقی تاحال بازیاب نہ ہو سکے۔


MASHRIQ QUETTA


## ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے بولان میڈیکل ہسپتال کا دورہ کیا

**مختلف یونٹس کا معائنہ کر کے طبی سہولیات کا جائزہ لیا، مریضوں سے ملاقات کی**

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے بولان میڈیکل ہسپتال کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ایم ایس) ڈاکٹر انور شائیوانی سے ملاقات کی، جنہوں نے ڈپٹی کمشنر کو ہسپتال کے انتظامی و طبی امور سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے بعد ازاں ہسپتال کے مختلف یونٹس بشمول فارمیسی، آرتھوپیڈ......

بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

ک یونٹ، میموگرافی، لیبارٹری، سینٹل فارمیسیز، گائنی وارڈ، گائنی او پی ڈی، آئی سی یو، ایچ آئی وی یونٹ، میل و فیمیل او پی ڈی، کنسلٹنٹ رومز اور شعبہ حادثات کا تفصیلی معائنہ کیا۔ دورے کے موقع پر ڈپٹی کمشنر نے مریضوں سے ملاقات کر کے ان کے مسائل سنے، جبکہ ڈاکٹرز اور دیگر عملے سے بات چیت کرتے ہوئے طبی سہولیات، مریضوں کی دیکھ بھال اور دستیاب وسائل کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے اس موقع پر کہا کہ بی ایم سی ہسپتال کو ایک مثالی ادارہ بنانے کے لیے تمام متعلقہ محکموں کے ساتھ مل کر اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے یقین دہانی کرائی کہ ہسپتال کے ضلعی انتظامیہ سے متعلق تمام مسائل کو ایمرجنسی بنیادوں پر حل کیا جائے گا

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 17 OCT 2025 Page No. 14

## گوادر فری زونز کو فارن ایکسچینج پالیسی سے استثنیٰ دیئے جانے کا امکان

**کمپنیاں براہ راست چینی کرنسی کو پاکستانی روپے میں تبدیل کرسکیں گی، امریکی ڈالر کا کردار مکمل ختم ہو جائے گا' گوادر پورٹ اہلکار**

**آر ایم بی کو امریکی ڈالر، پاکستانی روپے میں تبدیل کرنے سے دو بار کرنسی ایکسچینج کٹوتیوں سے کمپنیوں کو دوگنا نقصان ہوتا ہے**

اسلام آباد (این این آئی) گوادر فری زونز کو موجودہ فارن ایکسچینج پالیسی سے استثنیٰ دیئے جانے کا امکان ہے، حکومت نے پیشرفت کے لئے اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دیدی ہے جو گوادر ساؤتھ فری زون اور گوادر نارتھ فری زون کے لئے موجودہ فارن ایکسچینج پالیسی فریم ورک سے متعلق تجاویز مرتب کرے گی۔ گوادر پرو کے مطابق اس اہم اقدام سے گوادر فری زونز میں کام کرنے والی تمام کمپنیاں براہ راست چینی کرنسی کو پاکستانی روپے میں تبدیل کرسکیں گی جس سے امریکی ڈالر کا کردار مکمل طور پر ختم ہو جائے گا۔ اس وقت گوادر فری زونز میں کام کرنے والی برآمدی کمپنیاں جن میں زیادہ تر چینی ادارے شامل

بقیہ نمبر21 صفحہ 5 پر

ہیں پہلے آر ایم بی کو امریکی ڈالر میں اور پھر ان ڈالرز کو پاکستانی روپے میں تبدیل کرتی ہیں تا کہ مقامی ادائیگیاں کی جاسکیں، اس دوہری عمل سے دوبار کرنسی ایکسچینج کٹوتیاں ہوتی ہیں جو کمپنیوں کے لیے مالی نقصان کا باعث بنتی ہیں۔ گوادر پورٹ اتھارٹی کے ایک اہلکار نے بتایا کہ اگر حکومت کمیٹی کی سفارشات کو منظور کر لیتی ہے جو گزشتہ ماہ ہونے والی 82 ویں سی پیک پیشرفت جائزہ اجلاس میں منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات کے وزیر کی ہدایات کے مطابق ہیں تو گوادر فری زونز میں کام کرنے والی تمام چینی کمپنیاں آر ایم بی کو براہ راست پاکستانی روپے میں تبدیل کرسکیں گی اور انہیں پہلے آر ایم بی کو امریکی ڈالر میں تبدیل کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔

## ریکوڈک' بلوچستان کی ترقی کیلئے سنگ میل ثابت ہوگا' بیرک کمپنی

**مقامی افراد کو ملازمتوں کی فراہمی سے ضلع چاغی کی آبادی پر مثبت اور دیرپا اثرات مرتب ہونگے' کنٹری منیجر**

کراچی (پ ر) بیرک مائننگ کارپوریشن کے زیرانتظام چلنے والے ریکوڈک مائننگ کمپنی نے کوئٹہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے وفد کی میزبانی کی۔ اس موقع پر ریکوڈک منصوبے میں تعاون اور مقامی کاروباری اداروں کی شمولیت کے مواقع پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد کی قیادت صدر محمد ایوب اور نائب صدر ناصر خان نے کی جبکہ بلوچستان کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے کاروباری افراد بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ریکوڈک مائننگ کمپنی کے کنٹری منیجر ضرار جمالی نے وفد کا خیر

بقیہ نمبر4 صفحہ 5 پر

مقدم کرتے ہوئے منصوبے کے حجم اور امکانات پر تفصیلی بریفنگ دی اور اس کے بلوچستان اور پاکستان کے کان کنی کے شعبے پر متوقع انقلابی اثرات کو اجاگر کیا۔ انہوں نے بتایا کہ آر ڈی ایم سی بلوچستان کے ممکنہ سپلائرز اور وینڈرز کے ساتھ فعال طور پر رابطے میں ہے تا کہ ایک جامع اور مسابقتی سپلائی چین تشکیل دیا جا سکے، جہاں مقامی کاروبار کو شرکت کے مساوی مواقع حاصل ہوں۔ وفد کو بریفنگ دیتے ہوئے آر ڈی ایم سی کے سربراہ برائے سپلائی چین اور کمرشل امور، کلیمنز اینگل بریچٹ نے کہا کہ آر ڈی ایم سی کے لئے یہ نہایت اہم ہے کہ وہ مقامی کاروبار کی ترقی کو پائیدار، ضابطہ جاتی اور کمیونٹی پر مبنی طریقے سے سپورٹ کرے تا کہ دیرپا اور باہمی مفاد پر مبنی تعلقات کو فروغ دیا جا سکے۔ یہ عزم پروجیکٹ آپریٹر بیرک کے بنیادی اصولوں کا حصہ ہے، جس کا مظاہرہ ہماری مختلف آپریشنز میں کمیونٹی کی ترقی کی کئی مثالوں سے ہوتا ہے۔ جیسے جیسے ریکوڈک پاکستان کی سب سے بڑی تانبہ اور سونا نکالنے والی کان بنتی جارہی ہے، ہم ایسے قابل اعتماد مقامی وینڈرز اور سپلائرز کے ساتھ شراکت داری کے لئے پرعزم ہیں جو معیار، حفاظت اور دیانت کے ہمارے عالمی اصولوں پر پورا اتریں اور ساتھ ہی بلوچستان کے کان کنی کے شعبے کی طویل مدتی سپلائی چین کی استعداد کو مضبوط بنائیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 17 OCT 2025 Page No. 16


## منوجان روڈ پر نامعلوم افراد نے نجی اسکول کی خاتون ٹیچر کو گولی ماردی

**مریم بی بی کو چھٹی کے بعد گھر جاتے ہوئے نشانہ بنایا گیا، موقع پر دم توڑ گئی، لاش ورثاء کے سپرد**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) منو جان روڈ پر نامعلوم موٹرسائیکل سواروں کی فائرنگ سے نجی اسکول خاتون ٹیچر جاں بحق ہوگئی پولیس کے مطابق منو جان روڈ کے رہائشی میر احمد کی جوان بیٹی بھی اسکول کی ٹیچر بی بی مریم گزشتہ روز اسکول سے چھٹی کے بعد پیدل ہی گھر جارہی تھی کہ نامعلوم موٹر سائیکل سوار اس پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے فائرنگ کے نتیجے میں وہ موقع پر ہی جاں بحق ہوگئی اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کردی جبکہ صدر پولیس نے مقدمہ درج کر کے کیس سریس کرائم انوسٹی گیشن ونگ منتقل کردیا۔

## سوراب، کوئٹہ کراچی شاہراہ پر مسلح افراد کی فائرنگ سے بی سی اہلکار شہید

**قلات میں پولیو مہم کی ڈیوٹی مکمل کرکے واپس خضدار جاتے ہوئے ل شاہورائی کے مقام پر نشانہ بنایا گیا**

سوراب (نامہ نگار) کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ ل شاہورائی کے مقام پر مسلح افراد کا ناکہ بندی، بی بی اہلکاروں پر فائرنگ، ایک اہلکار شہید ہوگیا تفصیلات کے مطابق کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ ل شاہورائی کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد نے ناکہ بندی کرکے بلوچستان کانسٹیبلری کے اہلکاروں پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں ایک اہلکار محمد جان ولد محمد یوسف کرد ساکن بازگیر ضلع خضدار موقع پر شہید ہو گیا اہلکاروں پر فائرنگ کا واقع اُس وقت پیش آیا جب وہ قلات میں پولیو مہم کی ڈیوٹی مکمل کرکے واپس قلات سے خضدار جارہے تھے مسلح افراد نے اچانک فائرنگ شروع کی، جس پر اہلکاروں نے بھی جوابی فائرنگ کی تاہم مسلح افراد فائرنگ کے تبادلے کے بعد موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ واقعے کے بعد سیکیورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر سرچ آپریشن شروع کردیا حکام کا کہنا ہے کہ حملہ آوروں کی تلاش کے لیے کارروائی جاری ہے، جبکہ علاقے میں سیکیورٹی مزید سخت کردی گئی ہے۔

## ڈیرہ مراد جمالی، سڑک کنارے بم دھماکہ

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب سڑک کنارے بم دھماکہ تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ پولیس حکام کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب پولیس تھانہ نوتال کی حدود میں ربیع کینال کے مقام پر نامعلوم افراد کی جانب سے سڑک کنارے دھماکہ خیز مواد اس جگہ نصب کیا گیا جہاں سیکورٹی فورسز کی گزرگاہ تھی۔ واقع کے بعد پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کرلی۔

## ڈیرہ مراد جمالی کے قریب بجلی کی لائن کو دھماکے سے اڑانے کی کوشش

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب نامعلوم افراد نے گدو سے سبی جانے والی بجلی کی لائن کو دھماکہ خیز مواد سے اڑانے کی کوشش کی، دھماکے سے ایک ٹاور مکمل طور پر تباہ ہوگیا۔ جس کے باعث سندھ کے بیشتر علاقوں کو بجلی کی سپلائی معطل ہوگئی۔ این ٹی ڈی سی حکام کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب پولیس تھانہ چھتر کی حدود میں نامعلوم افراد نے گدو سے سبی جانے والی 220 کے وی بجلی کی لائن کو دھماکہ خیز مواد سے اڑانے کی کوشش کی۔ دھماکہ سے دو ٹاور شدید متاثر ہوئے اور سندھ کو بیشتر علاقوں کو بجلی کی سپلائی معطل ہو گی، متاثرہ تاروں کی مرمت کے لیے اوجی ڈی سی ایل سے امدادی ٹیمیں طلب کرلی گئیں۔

## لورالائی: پولیس کی کارروائی، پولیو ورکر کو کچلنے والی کوچز کے ڈرائیور گرفتار

لورالائی (ن ن) لورالائی پولیس کی کارروائی، پولیو ورکر کو کچلنے والی کوچز کے ڈرائیور گرفتار، مقدمہ درج کرلیا گیا تفصیلات کے مطابق پولیس نے لورالائی کوئٹہ روڈ چین مسجد کے مقام پر تیز رفتاری کا مظاہرہ کرکے موٹرسائیکل پر سوار نوجوان پولیو ورکر عزیز اللہ شیرانی کو کچلنے والی ڈائیو بسوں کے ڈرائیوروں کو گرفتار کرلیا گرفتار ڈرائیوروں کی شناخت محمد اللہ ولد حیدر علی قوم بادیزئی ساکن پشین (سپر سدا بہار ڈائیو کمپنی) اور ظہور احمد ولد خیر محمد قوم سرپرہ ساکن کوئٹہ (الیوسف ڈائیو بس کمپنی) کے ناموں سے ہوئی ہے دونوں ڈرائیوروں کے خلاف ایس ایچ او پولیس تھانہ صادق علی شہید مشتاق احمد کی مدعیت میں تیز رفتاری، غفلت لاپرواہی اور قتل بالسبب کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کرلیا گیا ہے دونوں بسیں قبضے میں لے لی گئیں۔

MASHRIQ QUETTA

## بھاگ ناڑی: نامعلوم افراد کی فائرنگ سے نوجوان جاں بحق

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بھاگ ناڑی کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے نوجوان کو قتل کردیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز بلوچستان کے علاقے بھاگ ناڑی میں تالاب کے قریب نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کرکے ایک نوجوان کو قتل کردیا اور فرار ہوگئے۔ نعش ہسپتال منتقل کردی گئی جس کی شناخت رحم ساتھا کے نام سے کی گئی قتل کی وجہ معلوم نہیں ہوسکی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کررہی ہے۔

## خضدار: 10 کلو چرس برآمد، ملزم گرفتار

خضدار (آن لائن) گاسلیٹی چیک پوسٹ پر لیویز فورس کی کامیاب کارروائی، منشیات اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر خضدار اور اسسٹنٹ کمشنر وڈھ کی نگرانی میں گاسلیٹی چیک پوسٹ کے انچارج نائب رسالدار شکیل احمد نے کارروائی کرتے ہوئے کورے گاڑی نمبر ASF-633 سے 10 کلوگرام چرس برآمد کرلی۔ ملزم رحمت اللہ کو موقع پر گرفتار کر کے اس کے خلاف ایف آئی آر درج کرلی گئی ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

let No. 5 Dated: 17 OCT 2025 Page No. 17

# گنجان آباد علاقے زمان روڈ کا ٹیوب ویل خراب، غریب مہنگے داموں پانی خریدنے پر مجبور

## صوبائی وزیر اور سیکرٹری پی ایچ ای سے فوری نوٹس لیں اور محکمہ واسا کو پانی کی فوری فراہمی کیلئے احکامات جاری کریں

**تنگ گلیوں کے رہائشیہیں ٹینکر نہیں جا سکتے وہاں تک پانی فراہمی کے ٹینکر مافیا کے ریٹ بھی ڈبل ہوگئے، علاقہ مکین**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) گنجان آباد علاقے زمان روڈ کا ٹیوب ویل خراب، غریب عوام مہنگے داموں پانی خریدنے پر مجبور ہوگئے، واسا کی نا اہل انتظامیہ کی جانب سے عوام کے بار بار اسرار پر بھی پانی کا مسئلہ حل نہ ہوسکا زمان روڈ جمعہ کالونی اور دیگر گنجان آباد گلیوں کے علاقہ مکینوں کا کواری روڈ پر خواتین اور بچوں کیساتھ دھرنا دینے کا فیصلہ، صوبائی وزیر پی ایچ ای اور سیکرٹری پی ایچ ای سے فوری نوٹس لینے اور ایم ڈی واسا کو غریب گنجان آباد علاقے کے مکینوں کیلئے پانی کی فوری فراہمی کیلئے احکامات جاری کرنے کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق کوئٹہ شہر کے گنجان آباد علاقے زمان روڈ گلی متصل کواری کا ٹیوب ویل خراب ہوگیا جس کی دوبارہ مرمت اور نئی موٹر کی فراہمی کیلئے محکمہ واسا کی جانب سے اقدامات نہ کئے جانے کی وجہ سے علاقے کے متوسط اور غریب رہائشی ٹینکر مافیا کے رحم و کرم پر چھوڑ دیئے گئے، محکمہ واسا کی جانب سے عوام کو پانی کی فراہمی کے بڑے دعوؤں کے باوجود معمولی مسئلہ بھی حل نہ ہوسکا، ٹیوب ویل خراب ہونے سے جہاں محکمہ خود ایک بڑے ریونیو سے محروم ہوگیا تو دوسری جانب علاقے کے غریب رہائشی افراد کی مشکلات میں اضافہ ہوگیا، تنگ گلیوں کے رہائشی جہاں ٹینکر نہیں جا سکتے وہاں تک پانی فراہمی کے ٹینکر مافیا کے ریٹ بھی ڈبل ہوگئے، علاقہ کے رہائشیوں نے کہا ہے کہ اس ظلم کیخلاف احتجاج کا حق محفوظ رکھتے ہیں واسا انتظامیہ فوری ٹیوب ویل کی مرمت کر کے پانی کی فراہمی یقینی بنائے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 17 OCT 2025 Page No. 18

## اپیل بنام

### وزیراعلیٰ بلوچستان (میر سرفراز بگٹی)

کونسل آف پاکستان نیوز پیپر ایڈیٹرز (سی پی این ای) ایف سی ہیڈکوارٹرز کے قریب
المناک خودکش حملے کے بعد روزنامہ مشرق، کوئٹہ کے عملے کی اپنے دفتر تک مسلسل عدم رسائی
پر گہری تشویش کا اظہار کرتی ہے

CPNE حفاظتی اقدامات کی اہمیت کو پوری طرح سے تسلیم کرتی ہے تاہم طویل پابندیوں
نے روزنامہ مشرق کے عملے کی اپنے مرکزی دفتر تک رسائی کو ناممکن بنادیا ہے
روزمرہ کے کام معطل ہوگئے ہیں، اور شدید مالی اور آپریشنل نقصانات کا سامنا ہے
وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے اپیل ہے کہ وہ اس معاملے کا نوٹس لیں
روزنامہ مشرق کے عملے کو دفتر تک رسائی دی جائے

### آزادی صحافت جمہوریت کا سنگ بنیاد ہے

**ہم اپیل کرتے ہیں کہ**

بلوچستان میں ذمہ دارانہ صحافت کو بغیر کسی رکاوٹ کے جاری رکھنے کو یقینی بنایا جائے

**غلام نبی چانڈیو**
**سیکرٹری جنرل**
**(کونسل آف پاکستان نیوز پیپرایڈیٹرز)**

کونسل آف پاکستان
نیوز پیپر ایڈیٹرز
(سی پی این ای)
CPNE



CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 17 OCT 2025

Page No. 20

# کوئٹہ شہر میں صفائی کی ابتر صورتحال، شہری پریشانی سے دوچار!

بلوچستان کے دارالخلافہ کوئٹہ میں صفائی کی صورتحال انتہائی ابتر ہے۔ شہر کے مختلف علاقوں میں جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں جن سے اٹھنے والے تعفن سے شہری مختلف بیماریوں کا شکار ہو رہے ہیں۔ کوئٹہ شہر ماضی میں اپنی خوبصورتی کی وجہ سے منفرد حیثیت رکھتا تھا، لٹل پیرس کہلانے والا شہر آج متعدد مسائل کا شکار ہے، شہر کی خوبصورتی کی بحالی، صفائی ستھرائی و بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے حکومتی سطح پر ہنگامی اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔

گزشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت صفا کوئٹہ انٹیگریٹڈ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ پروجیکٹ کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس کے دوران کوئٹہ شہر میں صفائی کی مجموعی صورتحال، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے نظام اور صفا کوئٹہ پروجیکٹ کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ شہر کے تمام علاقوں سے کچرے کے پرانے ڈھیر مکمل طور پر صاف کیے جائیں اور صفائی کے نظام کو مؤثر و پائیدار بنایا جائے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ کوئٹہ بلوچستان کا چہرہ ہے، اس کی صفائی ستھرائی، خوبصورتی اور شہری سہولیات کی بہتری صوبائی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ کوئٹہ کے مرکزی شاہراہوں، مارکیٹوں، رہائشی علاقوں اور نالوں کی صفائی کے عمل میں کوئی غفلت نہ برتی جائے تاکہ شہریوں کو صحت مند اور صاف ماحول فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ جدید مشینری، افرادی قوت اور مربوط نگرانی کے ذریعے صفائی کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کیا جائے۔ صوبائی حکومت شہری سہولتوں کی بہتری کے لیے تمام ضروری وسائل فراہم کرے گی تاکہ صفا کوئٹہ پروجیکٹ کو کامیاب ماڈل کے طور پر دیگر شہروں تک وسعت دی جا سکے۔ بہرحال کوئٹہ شہر سے کچرا اٹھانے کی ذمہ داری پرائیویٹ ادارے کو سونپی گئی ہے حکومت بلوچستان پرائیویٹ کمپنی کو پابند کرے کہ شہر سے کچرہ اٹھانے میں کوئی کسر نہ چھوڑے، رہائشی علاقوں میں کچرے کے ڈھیر لوگوں کیلئے عذاب بن چکا ہے جبکہ نالوں سے گندے گٹر کا پانی بہنے سے شہری پریشان ہیں کیونکہ یہ مختلف بیماریوں کا سبب بن رہا ہے۔

امید ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان کی ہدایات کی روشنی میں پرائیویٹ کمپنی ذمہ دارانہ رویہ اپنائے گا اور عملے کو پابند کرے گا کہ کوئٹہ شہر میں صفائی کی صورتحال کو بہتر بنائے، حکومت شہر کی خوبصورتی کی بحالی کیلئے سرمایہ کاری کرے تاکہ کوئٹہ شہر سے مسائل کا خاتمہ یقینی ہو اور سابقہ خوبصورتی بحال ہو۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan News Quetta

17 OCT 2025 Page No. 19

Bullet No. 6

## صوبائی کابینہ کے فیصلے: ماضی کی حکومتوں کا خلاء اور وزیراعلیٰ بلوچستان کا عزم

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت جمعرات کے روز صوبائی کابینہ کا جو اجلاس ہوا ہے اس میں اہم فیصلے ہوئے ہیں اور ساتھ ہی وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ایک بار پھر دوٹوک عزم کا اعادہ کیا ہے کہ صوبائی حکومت عوامی فلاح اور اصلاحات کے جامع ایجنڈے کے لئے پرعزم ہے۔ اجلاس میں کیے گئے فیصلوں کی تائید وحمایت کے ساتھ ساتھ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے بہتر طرز حکمرانی کا عزم قابل ستائش ہے کہ بلوچستان میں ایک شفاف، مؤثر اور عوام دوست گورننس ماڈل وقت کی اہم ضرورت ہے، جس کی طرف موجودہ حکومت سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے۔ آبادی کے لحاظ سے ہر چند بلوچستان ملک کا چھوٹا صوبہ ہے مگر بلحاظ رقبہ سب سے بڑا اور وسائل سے مالا مال بھی ہے تاہم وائے افسوس کہ عشروں سے پسماندگی، بدانتظامی اور محرومی کا شکار رہا ہے۔ اس صورتحال کی بنیادی وجوہات میں سب سے نمایاں مسئلہ کمزور طرز حکمرانی رہا ہے، جس پر ماضی کی حکومتوں نے خاطر خواہ توجہ نہیں دی۔ تاہم موجودہ حکومت اس حوالے سے کوشاں ہے اور عملی اقدامات اٹھا رہی ہے میر سرفراز بگٹی نے نہ صرف شفاف، عوامی اور مؤثر طرز حکمرانی کے عزم کا اظہار کیا، بلکہ اس کے لئے وہ جب سے وزیراعلیٰ بنے ہیں دوٹوک اقدامات بھی یقینی بنا رہے ہیں جمعرات کو منعقدہ اجلاس صوبائی کابینہ کا انیسواں اجلاس تھا جس میں کئی اہم فیصلے کیے گئے اجلاس میں کیے گئے فیصلے قابلِ تعریف ہیں، تاہم مرکزی نکتہ وہ عزم اور وژن ہے جس کا اظہار وزیراعلیٰ بلوچستان نے بہتر گورننس کے تناظر میں کیا، کیونکہ یہی وہ پہلو ہے جو بلوچستان کی دیرپا ترقی، عوامی خوشحالی اور قومی دھارے میں فعال کردار کی کلید ہے کابینہ اجلاس میں جن فیصلوں کی منظوری دی گئی، وہ قابلِ ستائش اور وقت کی اہم ضرورت تھے۔ خواہ وہ ماحولیاتی تحفظ کے لئے مینگرو فاریسٹ ایریا میں توسیع ہو، خواتین کے تحفظ کے لئے خصوصی فورس کا قیام ہو، یا انسدادِ منشیات کے لئے نئے قانون کی منظوری، ان تمام فیصلوں سے یہی تاثر ملتا ہے کہ حکومت پالیسی سازی سے عملی نفاذ تک سنجیدہ ہے۔ اجلاس میں نکاح نامہ میں ترمیم، یوتھ پالیسی پر عملدرآمد، منرل سیکٹر کو صنعت کا درجہ، جرنلسٹ کالونی کی منظوری اور بلوچستان لینڈ لیز پالیسی جیسے اقدامات کا اعلان بھی اسی جانب اشارہ کرتا ہے کہ حکومت گڈ گورننس، شفافیت، اور عوامی فلاح کو ترجیح دے رہی ہے۔ تاہم ان سب فیصلوں کا اصل محرک اور روح وزیراعلیٰ بلوچستان کا گورننس سے متعلق وژن ہے، جس پر اگر حقیقی معنوں میں عمل ہوا تو بلوچستان اپنی تقدیر بدل سکتا ہے۔ یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ بلوچستان ماضی میں ہمیشہ حکومتی عدم توجہی، ناقص پالیسیوں اور کمزور ادارہ جاتی ڈھانچے کا شکار رہا۔ اگرچہ وسائل کی کمی کبھی مسئلہ نہیں رہی، مگر شعوری سیاسی قیادت، شفافیت، جوابدہی، اور منصوبہ بندی کے فقدان نے صوبے کو پسماندگی کی دلدل میں دھکیل دیا ماضی کی حکومتیں اکثر ترقیاتی فنڈز کے غیر شفاف استعمال، اداروں کی سیاسی مداخلت، اور بدعنوانی کے حوالے سے تنقید کا نشانہ بنتی رہیں۔ عوام اور حکومت کے درمیان اعتماد کا فقدان بڑھتا گیا اور نتیجتاً بلوچستان قومی دھارے میں وہ کردار ادا نہ کر سکا جو اس کا حق تھا۔ اس تناظر میں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا یہ کہنا کہ صوبائی حکومت عوامی فلاح، شفاف طرزِ حکمرانی اور ادارہ جاتی اصلاحات کے ایجنڈے پر پُرعزم ہے۔ ایک نہایت حوصلہ افزا، امید انگیز اور دور رس نتائج کا حامل پیغام ہے۔ ان کا یہ عزم کہ کابینہ کے فیصلے بلوچستان کے روشن مستقبل، بہتر طرزِ حکمرانی اور عوامی اعتماد کے استحکام کی ضمانت ہیں۔ واضح کرتا ہے کہ موجودہ حکومت محض نمائشی اعلانات تک محدود نہیں بلکہ عملی اقدامات کے ذریعے ماضی کی کوتاہیوں کا ازالہ کرنا چاہتی ہے۔ شفاف طرز حکمرانی وقت کی اہم ترین ضرورت ہے بلوچستان میں اس وقت سب سے بڑی ضرورت ایک ایسی گورننس کی ہے جو شفاف ہو عوامی مسائل کے حل پر مرکوز ہو اداروں کی خودمختاری کو یقینی بنائے اور جس میں جوابدہی اور میرٹ کو بنیادی اصول بنایا جائے وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کی قیادت میں جو سمت متعین کی جا رہی ہے، اس میں ان تمام نکات کی جھلک واضح طور پر نظر آتی ہے۔ وزیراعلیٰ نے ادارہ جاتی اصلاحات کو اپنی ترجیحات میں شامل رکھا ہے۔ یہ ایک قابلِ تحسین فیصلہ ہے کیونکہ کوئی بھی معاشرہ اداروں کی شفافیت اور فعالیت کے بغیر ترقی نہیں کر سکتا۔ بلوچستان میں کئی ادارے محض کاغذی حیثیت رکھتے ہیں۔ اگر انہیں فعال، خودمختار اور جوابدہ بنایا جائے، تو سروس ڈیلیوری بہتر ہوگی عوامی اعتماد بحال ہوگا اور ترقیاتی منصوبوں کے نتائج زمین پر نظر آئیں گے گڈ گورننس کا بنیادی مقصد عوامی فلاح ہے، اور وزیراعلیٰ نے اس نکتے پر خاص زور دیا ہے۔ خواہ وہ تعلیم کا شعبہ ہو صحت کی سہولیات روزگار کی فراہمی خواتین اور نوجوانوں کا تحفظ ہر شعبے میں عوامی مفاد کو مرکزی حیثیت دینا ایک عوام دوست حکومت کا مظہر ہے۔ اگر موجودہ حکومت اپنے طے کردہ وژن اور اہداف پر مستقل مزاجی سے کام جاری رکھتی ہے تو وہ دن دور نہیں جب بلوچستان باقی صوبوں کے شانہ بشانہ ترقی کرے گا معاشی استحکام حاصل کرے گا نوجوانوں کو روزگار میسر آئے گا اور عوام کا حکومت پر اعتماد بحال ہوگا یہی اعتماد کسی بھی حکومت کی سب سے بڑی کامیابی ہوتا ہے۔ بلوچستان اس وقت ایک نازک مگر فیصلہ کن دوراہے پر کھڑا ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 17 OCT 2025 Page No. 21

## منشیات کی کاشت کسی صورت برداشت نہیں کی جائیگی!

یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ منشیات ایک ایسا خطرناک زہر ہے جو نوجوانوں کی زندگیاں تباہ کر دیتا ہے جب نوجوانوں کی زندگی تباہ ہوتی ہیں تو اس کے اثرات ان کے گھروں اور خاندانوں پر پڑتے ہیں اور اس طرح سارا نظام درہم برہم ہو جاتا ہے۔ بدقسمتی سے ہمارے ہاں منشیات معاشرے میں تیزی سے پھیل رہی ہے اس کا سرعام فروخت ہونا اور پھر نوجوانوں کو اس کا عادی بنانا ایک سنگین جرم ہے لیکن افسوس کی بات یہ ہے کہ اس اہم مسئلے پر جامع طور پر اقدامات نہیں کئے جارہے جس کی وجہ سے یہ معاملہ سنگین صورتحال اختیار کر رہا ہے۔ جو کہ متعلقہ اداروں کی کارکردگی پر ایک بڑا سوالیہ نشان ہے؟۔

گذشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک پیغام میں اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ صوبے میں منشیات کی کاشت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ بلوچستان کی ایک انچ زمین بھی پوست یا کسی قسم کی نشہ آور فصل کے لیے استعمال نہیں ہونے دی جائے گی۔ منشیات کی لعنت سے نوجوان نسل کے مستقبل کو خطرات سے دوچار کیا ہے۔ اس لعنت کے خاتمے کے لیے حکومت بلوچستان ہر سطح پر مؤثر اور عملی اقدامات کر رہی ہے۔ اس مقصد کے لیے انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں اور مقامی کمیونٹی کے درمیان تعاون کو یقینی بنایا جارہا ہے۔ انہوں نے قلعہ سیف اللہ میں منشیات کے خلاف کامیاب کاروائی پر ڈپٹی کمشنر قلعہ سیف اللہ اور ان کی ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کا یہ اقدام منشیات کے خاتمے کی جانب ایک مضبوط اور مثبت قدم ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ صوبے سے منشیات کی پیداوار تجارت اور استعمال کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عمل درآمد اور اس ناسور کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے گا۔

ہم سمجھتے ہیں کہ صوبے میں منشیات کی کاشت کرنیوالوں کے خلاف کاروائی کرنے کے حوالے سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا مذکورہ بیان قابل تعریف ہے اس میں انہوں نے حکومت کی پالیسی واضح کر دی ہے کہ منشایت کی کاشت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ حکومت کے ان اقدامات سے منشیات جیسی لعنت سے چھٹکارا مل سکے گا اور اس طرح ہماری نوجوان نسل جو مستقبل کے معمار ہیں اپنی زندگیاں بچا سکیں گے۔

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6 Dated: 17 OCT 2025 Page No. 22


# نوجوان پاکستان کا قیمتی سرمایہ ہیں بامقصد مکالمہ ہی ملک کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ نوجوان پاکستان کا قیمتی سرمایہ ہیں ان کے ساتھ مسلسل اور بامقصد مکالمہ ہی ملک کے روشن مستقبل کی ضمانت ہے انہوں نے کہا کہ ریاست کے پاس مصدقہ ثبوت موجود ہیں کہ بیرون ملک بیٹھے پاکستان مخالف عناصر منظم انداز میں نوجوانوں کی منفی ذہن سازی کر رہے ہیں تاہم ایسے عناصر کی شکست یقینی ہے کیونکہ پاکستان کی بنیاد صداقت قربانی اور اتحاد پر رکھی گئی ہے یہ بات انہوں نے بدھ کو بیوٹمز یونیورسٹی کوئٹہ میں منعقدہ نیشنل یوتھ سمٹ 2025 کی اختتامی تقریب سے خطاب اور طلبہ کے سوالات کے جوابات دیتے ہوئے کہی وزیراعلیٰ نے کہا کہ آج کے دور میں تصورات نے حقائق کو پیچھے چھوڑ دیا ہے ایسے میں ضروری ہے کہ نوجوان تحقیق دلیل اور سچائی کو اپنا شعار بنائیں انہوں نے کہا کہ مقبول بیانیہ کا ہونا ضروری نہیں حق پر ہونا ضروری ہے اسلامی تاریخ اس بات کی گواہ ہے کہ ابوجہل کا بیانیہ اس وقت مقبول ضرور تھا مگر وہ باطل پر تھا نوجوانوں کو گرینڈ ڈائیلاگ کے ذریعے حقائق سے آگاہ کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے ریاست پاکستان کا آئین مظلوم کے ساتھ کھڑا ہے جس عورت کے شوہر اور بیٹے کو موسیٰ خیل میں اس کے سامنے گولی ماری گئی ریاست اس عورت کے ساتھ ہے سرفراز بگٹی مظلوم کے ساتھ کھڑا رہے گا، وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ عوام سے وعدہ کیا تھا کہ صوبے میں احتجاج کے نام پر کوئی سڑک بند نہیں ہوگی اور آج بلوچستان کی کوئی شاہراہ بند نہیں ہم نے وعدہ پورا کیا ریاست کی رٹ بحال کردی ایک صوبے میں خواتین کی بالیاں چھیننے والوں کو گولی ماردی جاتی ہے لیکن بلوچستان میں ہمیں ان عناصر سے مذاکرات کے بھاشن دیے جاتے ہیں جو ریاست توڑنے کے خواب دیکھتے ہیں ایسے لوگوں کے ساتھ کسی قسم کی نرمی ممکن نہیں انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت بلوچستان کے ہر ہائی اسکول کالج اور یونیورسٹی میں انٹرنیٹ کی سہولت فراہم کرے گی تاکہ نوجوان جدید تعلیم اور تحقیق سے منسلک رہیں تاہم جہاں انسانی جانوں کو خطرہ لاحق ہوا یا دہشت گردی کا اندیشہ ہوا وہاں فوری سروسز معطل کی جائیں گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ قومی بقا کی جنگ ہے میں سرفراز بگٹی اور اس کی کابینہ دہشت گردی کے خلاف صف اول میں کھڑی ہے ہمیں سب کو کھڑا ہونا ہوگا ورنہ یہ جنگ ہر گھر تک پہنچ جائے گی انہوں نے افغان بارڈر کی صورتحال پر بات کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پر حملہ ہوگا تو افغانستان پر بھی اس کے اثرات پڑیں گے افغانستان نے قیام پاکستان کی مخالفت کی بلوچستان کے پہلے علیحدگی پسند آغا عبدالکریم کو پناہ دی اس کے باوجود ہم نے دہائیوں تک افغان مہاجرین کی میزبانی کی لیکن اب ون ڈاکیومنٹ رجیم پر عمل درآمد ناگزیر ہے جب حج اور عمرہ بغیر پاسپورٹ ویزہ کے ممکن نہیں تو غیر ملکیوں کو آزادانہ نقل و حرکت کی اجازت کیسے دی جاسکتی ہے ریاست ہر چیز سے مقدم ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ ریاست کے پاس مصدقہ شواہد ہیں کہ بلوچ علیحدگی پسند رہنما افغانستان میں موجود ہیں انہوں نے چمن میں گزشتہ شب ہونے والے واقعے میں پاک فوج کے بہادر سپوتوں کی شہادت پر قوم کی جانب سے خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پر جب بھی چیلنج آیا پاک فوج نے اس کا بھرپور اور بروقت جواب دیا فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر اور پاک فوج کے ہر افسر و سپاہی کو سلام پیش کرتا ہوں وزیراعلیٰ نے کہا کہ صوبے میں پوست کی کاشت پر مکمل پابندی عائد ہے اس غیر قانونی کاشت میں ملوث زمینداروں کے خلاف نہ صرف قانونی کارروائی کی جائے گی بلکہ ان کے ٹیوب ویل منہدم کیے جائیں گے اور زمینوں پر ایسا اسپرے کیا جائے گا کہ وہ دوبارہ قابل کاشت نہ رہیں انہوں نے کہا کہ روزگار کے مواقع بڑھانے کے لیے پرائیویٹ سیکٹر کو آگے آنا ہوگا صوبائی حکومت نے یوتھ انٹرپرائز ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت سولہ ارب روپے مختص کیے ہیں جس سے سولہ ہزار نوجوان مستفید ہو رہے ہیں ایک اچھا پلمبر ایک بڑے انجینئر سے بہتر ہے کیونکہ عملی ہنر ہی حقیقی ترقی کی بنیاد ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی کے لیے مائنز اینڈ منرل ایکٹ کو اتفاق رائے سے اسمبلی میں دوبارہ پیش کیا گیا ہے تاکہ اس پر وسیع اتفاق رائے ہو اور قدرتی وسائل کے ثمرات براہ راست عوام تک پہنچ سکیں انہوں نے کہا کہ صوبے کی معاشی ترقی کے لیے اسپیشل اکنامک زونز قائم کیے جارہے ہیں جہاں سرمایہ کاروں کو سہولتیں فراہم کی جارہی ہیں انہوں نے کہا کہ میرٹوکریسی اور شفافیت ہی وہ بنیادیں ہیں جن سے کرپشن ختم ہوگی اور نوجوانوں کا اعتماد بحال ہوگا انہوں نے کہا کہ پروپیگنڈے اور ناقص طرز حکمرانی کے باعث ریاست اور نوجوانوں کے درمیان جو خلیج پیدا کی گئی تھی ہم اسے میرٹ اور مکالمے کے ذریعے ختم کریں گے بلوچستان کے مجموعی بجٹ کا اسی فیصد حصہ غیر ترقیاتی اخراجات پر خرچ ہوتا ہے جبکہ اسی ارب روپے صحت کے شعبے کے لیے مختص کیے گئے ہیں صوبائی حکومت اصلاحات کے عمل سے گزر رہی ہے ہم نے درست سمت کا تعین کرلیا ہے جس کے اثرات بتدریج نمایاں ہوں گے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ حکومت نے صوبے کی تاریخ میں پہلی مرتبہ یوتھ پالیسی متعارف کرائی ہے بینظیر بھٹو اسکالرشپ پروگرام اور یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت ہزاروں طلبہ و طالبات مستفید ہو رہے ہیں صوبے میں غیر حاضری اور غفلت کے باعث اٹھارہ سو اساتذہ کو برطرف کیا جاچکا ہے تاکہ تعلیمی نظام کو فعال اور مؤثر بنایا جاسکے تعلیم کے شعبے میں نظم و ضبط قائم کیے بغیر ترقی کا خواب ممکن نہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Time Quetta

No. 6 Dated: 17 OCT 2025 Page No. 23

# Curbing deforestation

Winter has almost arrived in Balochistan. Gas load-shedding and low gas pressure has become very common in Quetta city due to which people are worried how to fulfill their requirement. As far as Balochistan is concerned, natural gas is the main source of energy in Quetta and several other cities of the province. Hence, gas heaters have been very integral, especially during winter. As the temperature drops, people use gas heaters to keep themselves safe and warm. But, due to the shortages of natural gas supply, people have no other choice than to rely on traditional coal stoves, furnaces and wood fires. The rural Balochistan lacks convenient heating facilities, so the households have been relying on the traditional ways of heating for a long time. But, the severe gas load shedding and shortages have caused many areas even in Quetta and nearby areas to rely on traditional ways of heating. Lack of natural gas supply and the absence of convenient heating facilities have resulted in serious deforestation all across the province. The deforestation all over the province is quite alarming, especially the deforestation of the juniper forest in Ziarat. The World Wildlife Fund (WWF) had warned that the deforestation in Pakistan is the second highest in Asia, after Afghanistan. Ziarat's juniper forest is considered the second largest of its kind in the world. Junipers grow only an inch per year. But now, it is under serious threat as the trees are vanishing rapidly to be used as firewood for food and other traditional heating methods. Yet, no proper natural gas facility and other gas pipeline projects have reached Ziarat, where the temperature can reach as low as minus 14 degree Celsius in winter. A couple of years back the Economic Coordination Committee (ECC) of the cabinet decided not to subject consumers to any gas load-shedding, especially in Balochistan. The plan talked about injecting 150 millimetre cubic feet of liquefied gas to be injected into the system to stop gas load shedding. But, not much has been done regarding the political promises made in the past. Dera Bugti, Sui and other parts of Balochistan have the largest natural gas reserves in the country but as it is said, darkness under the lamp, people in Balochistan have been suffering immensely during winter since long. The shortage of natural gas supply has made lives extremely difficult and the people have been feeling neglected. The government and SSGC ought to take serious steps to end the shortage of gas in Balochistan particularly in Quetta which is the largest city of the province.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB HUB

No. 6 Dated: 16 OCT 2025 Page No. 24

# مکران کی تباہی کا نوحہ۔ منشیات

سمندر کی نیلی آنکھیں جب مکران کے ساحلوں کو دیکھتی ہیں تو وہ صدیوں کی داستانیں سناتی ہیں۔ ہوا جب پہاڑوں سے اتر کر بستیوں میں گھلتی ہے تو اس کے ساتھ تاریخ کی خوشبو آتی ہے۔ وہ تاریخ جس نے اس

تحریر: رئیس ماجد شاہ



دھرتی کو غیرت، مہمان نوازی، بہادری اور انسانی ہمدردی کے جوہر بخشے۔ مگر آج انہی فضاؤں میں ایک ایسا زہر پھیل گیا ہے جو زندگیوں کو بے آواز قتل کر رہا ہے۔ یہ زہر منشیات کا ہے، جو مکران کی رگوں میں آہستہ آہستہ سرایت کر چکا ہے۔ یہ زمین جو کبھی ماہی گیروں، زمینداروں، صحرائی مسافروں اور علم و ہنر کے متوالوں کی پہچان تھی، اب اسی زمین کے سجیلے جوان چرس، تریاق، افیون، کرسٹل اور شیشہ جیسے زہروں کے اسیر بن چکے ہیں۔ وہ گلیاں جہاں کبھی بلوچی لوک گیتوں کی دھنیں گونجتی تھیں، اب سرنجوں کے کچرے اور خالی لفافوں سے بھری پڑی ہیں۔ افغانستان سے خشکی کے راستوں سے آنے والا یہ زہر بلوچستان کے ریگزاروں سے گزر کر مکران کے دامن میں اترتا ہے۔ پہاڑوں کی اوٹ میں، وادیوں کے سناٹوں میں اور خشک راستوں کی گرد میں وہ زنجیر بنتی جا رہی ہے جس نے پورے مکران کو جکڑ لیا ہے۔ یہ زہر بعد ازاں انہی ساحلی لکیروں سے سمندر پار دوسرے خطوں تک بھیجا جاتا ہے۔ یوں مکران، جو قدرتی حسن اور جغرافیائی اہمیت کا مظہر تھا، اب منشیات کے تاجروں کے لیے ایک گزرگاہ بن چکا ہے۔

یہ وہی مکران ہے جہاں مہمان کو خدا کا سایہ سمجھا جاتا تھا۔ جہاں غربت کے باوجود دسترخوان خالی نہیں رہتے تھے۔ جہاں بہادری محض تلوار نہیں بلکہ ضمیر کا نام تھی۔ جہاں انسانیت کا رشتہ قبیلے، زبان اور علاقے سے بڑھ کر تھا۔ آج انہی بستیوں کے دروازوں پر وہ زہر بکتا ہے جو نسلوں کو کھوکھلا کر رہا ہے۔ بلوچ تہذیب کی بنیاد ہمیشہ غیرت اور محبت کے امتزاج پر رہی۔ مگر آج اس بنیاد میں دراڑ پڑ چکی ہے۔ نوجوان جو کبھی تعلیم، فن اور جدوجہد کا استعارہ تھے، اب نشے کے دھند میں بھٹک رہے ہیں۔ کالجوں کے کمروں میں کرسٹل کے ذرات بکھرے ہیں، اسکولوں کے باہر شیشے کا دھواں اڑتا ہے اور گلیوں میں افیون کی بو نے خوابوں کو دبا دیا ہے۔

وہ ہاتھ جو کتاب تھامنے کے لیے بنے تھے، اب سرنج پکڑے اپنی تقدیر پر مہر لگا رہے ہیں۔ وہ آنکھیں جو ماضی کی داستانوں سے فخر جھلکتی تھیں، اب مایوسی کے دھندلکے میں کھو چکی ہیں۔ یہ صرف افراد کی تباہی نہیں یہ ایک تہذیب کی شکست ہے۔ ماؤں کے آنسو وہ کہانیاں کہتے ہیں جو کسی رپورٹ میں نہیں لکھی جاتیں۔ ایک ماں جب اپنے بیٹے کو نشے کی حالت میں دروازہ کھٹکھٹاتے دیکھتی ہے تو اس کا کلیجہ پھٹ جاتا ہے۔ کچھ مائیں صبح اپنے بیٹوں کی لاشیں اٹھاتی ہیں، جو ایک اضافی خوراک کے باعث دم توڑ دیتے ہیں۔ یہ منظر صرف ایک گھر کا نہیں، پورے مکران کا نوحہ ہے۔

غربت، بے روزگاری اور محرومیوں نے عورتوں تک کو اس لعنت کے قریب کر دیا ہے۔ کچھ نشے کی گولیاں کھا کر خود کو بھلا رہی ہیں، کچھ اپنی مجبوریوں کی قیمت ادا کر رہی ہیں۔ یہ صرف جرم نہیں، ایک روزمرہ قیامت ہے جو انہی گلیوں میں برپا ہے۔ اور ان سب کے بیچ بلوچ ادب کی روشنی اب بھی زندہ ہے۔ عطاء شاد کے اشعار آج بھی غیرت اور وفا کی صدا دیتے ہیں۔ بشیر بیدار کے نغموں میں آج بھی امید کی خوشبو ہے۔ مبارک قاضی اب بھی یاد دلاتے ہیں کہ بلوچ اپنی مٹی، اپنی پہچان اور اپنی روح سے جڑا رہے۔ ان شعرا نے ہمیشہ اپنی زمین کے دکھوں کو لفظوں میں سمیٹا۔ اگر وہ آج ہوتے تو یقیناً ان مناظر پر نوحے لکھتے کہ مکران کی مٹی اپنی اولادوں کو گم ہوتا دیکھ کر چیخ رہی ہے۔ مکران کی شاعری، اس کی ثقافت، اس کے گیت سب ایک سوال بن گئے ہیں کہ کہاں ہیں وہ ادارے جنہیں اس دھرتی کی حفاظت کا عہد تھا؟ کیا قانون کے رکھوالے صرف سرحدوں کی نگرانی کے لیے ہیں، ان روحوں کے لیے نہیں جو اندر سے مر رہی ہیں؟ اگر حکومت چاہے تو سرحدی ناکوں سے لے کر اندرونی گزرگاہوں تک چند ماہ میں یہ زہر ختم ہو سکتا ہے، مگر افسوس کہ مکران کے بیٹے مر رہے ہیں اور فائلوں میں صرف نوٹس گردش کر رہے ہیں۔

یہ لمحہ خاموشی کا نہیں، بغاوتِ خیر کا ہے۔ علماء کو چاہیے کہ جمعہ کے خطبوں میں اس ناسور کو موضوع بنائیں۔ اساتذہ کو چاہیے کہ کلاس رومز میں اس لعنت کے خلاف شعور جگائیں۔ شاعر اور صحافی اپنی تحریروں کو تلوار بنائیں۔ سماجی تنظیمیں ساحل سے پہاڑ تک بیداری کی صدا بنیں۔ خاموشی اب جرم ہے۔ جو خاموش ہے، وہ شریکِ جرم ہے۔

آج مکران کے ساحلوں پر ہوا چیخ رہی ہے۔ پہاڑوں کی چوٹیوں سے لے کر گلیوں کے سناٹے تک ایک ہی صدا گونج رہی ہے۔ ہمیں بچاؤ، یہ صدا مکران کی نہیں، آنے والی نسلوں کی ہے۔

اگر آج اربابِ اختیار نے کان نہ دھرے تو تاریخ انہیں ان تماشائیوں میں لکھے گی جو تباہی دیکھتے رہے اور کچھ نہ کیا اور اگر انہوں نے حوصلہ دکھایا تو یہی مکران ایک بار پھر اپنی غیرت، اپنی مہمان نوازی، اپنی بہادری اور اپنی محبت سے دنیا کو روشنی دکھائے گا۔

مکران کی خاموشی اب صرف سناٹا نہیں۔ یہ چیخ ہے جو آسمان سے سوال کر رہی ہے کہ کیا کوئی ہے جو اسے سن سکے؟